# محکمہ اوقاف ومذہبی امور حکومت پنجاب (پنجاب اوقاف آرگنائزیشن)

## ٹینڈر نوٹس

1۔محکمہ اوقاف کو محکمہ داخلہ حکومت پنجاب سے لائسنس یافتہ/رجسٹرڈ معروف پرائیویٹ سیکیورٹی کمپنیوں سے فیصل آباد زون میں واقع مزارات، مساجد، امام بارگاہوں ودفاتر وغیرہ کیلئے ٹریننگ سرٹیفکیٹ کے حامل سیکیورٹی گارڈز بمعہ دیگر لوازمات (لائسنس یافتہ اسلحہ، واک تھرو گیٹ اور میٹل ڈیٹکٹرز وغیرہ) جن کی تفصیل دفتر ہذا سے حاصل کی جا سکتی ہے فراہم کرنے کیلئے پیپرا رولز 2014 کی شق (a)(2)38 کے تحت یک مرحلہ، دولفافہ جات کی بنیاد پر سربمہر پیشکشیں مطلوب ہیں۔

2۔سیکیورٹی کا ٹھیکہ کنٹریکٹ دستخط کرنے کی تاریخ سے ایک سال کی مدت کیلئے ہوگا۔جس میں مجاز اتھارٹی کی پیشگی منظوری اور سیکیورٹی کمپنی کی رضامندی سے پیپرا رولز کے مطابق توسیع کی جا سکتی ہے۔

3۔ٹینڈر دستاویزات حامل تفصیلات بشمول شرائط وضوابط وغیرہ مبلغ پانچ صد روپے صرف (Rs.500/-) ناقابل واپسی نقد ادائیگی کر کے دوران دفتری اوقات، زونل دفتر اوقاف فیصل آباد سے اشاعت کے فوراً بعد سے مورخہ 25 جولائی 2023ء تک حاصل کی جا سکتی ہیں۔

4۔ٹینڈر دہندہ سربمہر ایک لفافہ جس میں فنی تجویز تحریر ہو اور دوسرا لفافہ جس میں فنانشل تجویز تحریر ہو ٹینڈر دستاویزات کی شرائط وضوابط کے مطابق پیش کرے گا۔فنانشل تجاویز کم از کم اجرت سیکیورٹی گارڈ اور تمام ضروری ٹیکسز وغیرہ جو کہ گورنمنٹ کی جانب سے ایمپلائر کی جانب سے ادا کیے جاتے ہیں پر مشتمل ہوں گی۔

5۔ٹیکنیکل اور فنانشل پیشکش زیادہ سے زیادہ مورخہ 26 جولائی 2023ء بوقت 11 بجے تک وصول کی جائینگی اور فنی تجاویز اسی تاریخ کو 2 بجے بعد دوپہر زونل دفتر اوقاف دربار حضرت نور شاہ ولیؒ فیصل آباد میں ٹینڈر میں حصہ لینے والی کمپنیز کے بااختیار نمائندوں کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔مطلوبہ دستاویزات اور فنی تقاضے پورے کرنے والی پیشکشوں کو ریسپونسو (Responsive) قرار دیا جائے گا اور ان کمپنیوں کے نمائندگان کی موجودگی میں مقررہ تاریخ پر فنانشل پیشکش کھولی جائیں گی اور اہلیت کے مطابق معیار پر پورا نہ اترنے والی فرمز کی فنانشل بڈز نان ریسپونسو (Non responsive) قرار دیتے ہوئے واپس کر دی جائیں گی۔

6۔ٹینڈر دینے والی کمپنی بڈ کے ساتھ کنٹریکٹ (12 ماہ) کل تخمینہ (مبلغ۔/1920000 روپے) کا 5% کے مساوی رقم کا پے آرڈر بطور زر بیعانہ بحق زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف فیصل آباد ارسال کریں گی۔

7۔کامیاب ٹینڈر دہندہ کو کنٹریکٹ پرائس (12 ماہ) کی مالیت کے 10% کے مساوی بذریعہ پے آرڈر بحق زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف فیصل آباد "پرفارمنس بانڈ/Performance Guarantee" جمع کروانا ہوگا۔

8۔حکومت کی جانب سے عائد کردہ تمام ٹیکسز بمطابق پالیسی/رولز کامیاب بولی دہندہ کی جانب سے ادا ہوں گے۔

9۔زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف پیشکش کھلنے کی تاریخ میں توسیع، ٹینڈر کی منظوری یا منسوخی پیپرا رولز 2014 کے مطابق کرے گا۔

10۔جملہ کاروائی میں لیبر لاز کو مدنظر رکھا جائے گا۔

**زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف فیصل آباد زون فیصل آباد** **فون نمبر 041/9330140**

Zonal Administrator
AUQAF FSD Zone

CS CamScanner